# آنت کا کینسر: اردو

# Bowel cancer: Urdu

یہ معلومات آنت کے کینسر اور آنت کے کینسر کے معالجوں کے بارے میں ہے۔

اگر آپ ان معلومات کے متعلق کوئی سوالات پوچھنا چاہتے/چاہتی ہیں، تو آپ جس ہسپتال میں زیر علاج ہیں اس کے ڈاکٹر یا نرس سے پوچھ لیں۔

آپ ہفتے کے 7 دن، صبح 8 سے رات 8 بجے تک، مفت فون **0808 808 00 00** پر Macmillan کینسر سپورٹ (Macmillan Cancer Support) کو بھی کال کر سکتے/سکتی ہیں۔ ہمارے پاس ترجمان موجود ہیں لہٰذا آپ ہم سے اپنی زبان میں بات کر سکتے ہیں۔ جب آپ ہمیں کال کریں، تو براہ کرم ہمیں انگریزی میں بتائیں کہ آپ کو کون سی زبان درکار ہے۔

کینسر کے متعلق macmillan.org.uk/translations پر دیگر زبانوں میں مزید معلومات موجود ہیں

یہ معلومات درج ذیل کے متعلق ہیں:

- آنت
- آنت کا کینسر
- علاج کی منصوبہ بندی کیسے کی جاتی ہے
- اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم سے بات کرنا
- آنت کے کینسر کے علاج
- آپ کے علاج کے ممکنہ ضمنی اثرات
- فالو اپ
- آپ کے جذبات
- اپنے لیے درست دیکھ بھال اور مدد حاصل کرنا
- Macmillan آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے
- آپ کی زبان میں مزید معلومات
- حوالہ جات اور تشکرات

## آنت


آنت نظام انہظام کا حصہ ہے۔ نظام انہظام کھانے کو توڑتا اور جذب کرتا ہے، تاکہ جسم اسے استعمال کر سکے۔

آنت کے 2 حصے ہوتے ہیں:

- چھوٹی آنت
- بڑی آنت۔

بڑی آنت کے تین حصے ہیں۔ یہ درج ذیل ہیں:

- کولون
- ریکٹم
- مقعد۔




## آنت کا کینسر

جسم کے تمام حصے چھوٹے چھوٹے خلیات سے مل کر بنے ہوتے ہیں۔ آنت کا کینسر اس وقت ہوتا ہے، جب آنت میں موجود خلیے بے قابو انداز میں بڑھنا شروع ہو جائیں اور ایک گلٹی بن جائے، جسے ٹیومر کہا جاتا ہے۔

وہ جگہ جہاں ابتدا میں کینسر بڑھنا شروع ہوتا ہے وہی بنیادی کینسر ہے۔ بنیادی کینسر کا نام جسم میں اس جگہ کے نام پر رکھا گیا ہے جہاں سے یہ شروع ہوا ہو، مثال کے طور پر آنتوں کا کینسر۔

آنتوں کا کینسر وہ کینسر ہے جو کولون یا ریکٹم کو متاثر کرتا ہے۔ آنتوں کے کینسر کو کولوریکٹل کینسر بھی کہا جاتا ہے۔

بعض اوقات، آنتوں کے کینسر کے خلیات خون اور لمفاوی نظام کے ذریعے جسم کے دوسرے حصوں میں پھیل جاتے ہیں۔ اسے ثانوی کینسر کہا جاتا ہے۔

آنت کا کینسر متعدی نہیں ہے اور دوسرے لوگوں میں منتقل نہیں ہو سکتا۔

کینسر چھوٹی آنت یا مقعد کو بھی متاثر کر سکتا ہے۔ ان کینسرز کا علاج آنتوں کے کینسر سے مختلف طریقے سے کیا جاتا ہے۔ ہمارے پاس کینسر کی ان اقسام کے بارے میں انگریزی زبان میں معلومات دستیاب ہیں۔

لمفاوی نظام
لمفاوی نظام ہمیں انفیکشن اور بیماریوں سے بچانے میں مدد دیتا ہے۔ یہ لمفاوی نسیں کہلانے والی باریک ٹیوبز سے بنا ہوتا ہے۔ یہ نالیاں پورے جسم میں موجود چھوٹے لمفی نوڈز کے گروہوں کو ملاتی ہیں۔

کولون اور ریکٹم کے قریب لمفی نوڈز موجود ہوتے ہیں۔ آنتوں کا کینسر آنتوں کے قریب لمفی نوڈز میں پھیل سکتا ہے۔

**آنتوں کے کینسر کے مراحل اور درجات**
کینسر کے مرحلے کا مطلب ہے کہ یہ کتنا بڑا ہے اور آیا یہ پھیل چکا ہے یا نہیں۔

کینسر کے درجے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ کینسر کتنی جلدی بڑھ سکتا ہے۔

## علاج کی منصوبہ بندی کیسے کی جاتی ہے

آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم آپ کے لیے بہترین علاج کی منصوبہ بندی کرنے کے لیے ملاقات کرے گی۔ اس کے بعد آپ کا ڈاکٹر یا نرس درج ذیل کے بارے میں آپ سے بات کریں گے:

- کینسر کا مرحلہ اور درجہ
- آپ کی عمومی صحت
- علاج اور ممکنہ ضمنی اثرات
- آپ دستیاب شدہ علاجوں کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔

## اپنی نگہداشت صحت کی ٹیم سے بات کرنا

کسی بھی علاج کے بارے میں اپنے ڈاکٹر سے بات کرنا بے حد اہم ہے۔

آپ کا ہسپتال آپ کے لیے ایک ترجمان کا انتظام کر سکتا ہے۔ اگر آپ کو ضرورت ہو، تو نرس کو بتائیں۔ ہو سکتا ہے آپ اپنے ساتھ کسی ایسے شخص کو بھی لے جانا چاہیں، جو آپ کی زبان اور انگریزی بول سکتا ہو۔

آپ کے ساتھ بات کرنے کے بعد، آپ کا ڈاکٹر عام طور پر آپ کو ایک فارم پر دستخط کرنے کا کہے گا تاکہ یہ ظاہر کیا جا سکے کہ آپ سمجھتے ہیں کہ علاج سے کیا مراد ہے اور آپ اسے کروانے سے اتفاق کرتے ہیں۔ اسے اپنی رضامندی دینا کہتے ہیں۔ آپ کا علاج اس وقت تک نہیں کیا جائے گا، جب تک آپ اس سے متفق نہیں ہوتے۔

**اپنے علاج کے بارے میں پوچھے جانے والے سوالات** یہاں کچھ سوالات ہیں جو ہو سکتا ہے آپ اپنے علاج کے بارے میں، اپنی کینسر ٹیم سے پوچھنا چاہیں:

- میری تشخیص کا مطلب کیا ہے؟
- کینسر کا مرحلہ اور درجہ کیا ہے؟
- میرا علاج کیا ہو گا؟
- ہر علاج کے فوائد، خطرات اور ضمنی اثرات کیا ہیں؟
- علاج سے میری روزمرہ کی زندگی کس طرح متاثر ہوگی؟
- میں اپنے احساسات کے بارے میں کس سے بات کر سکتا ہوں؟

## آنت کے کینسر کے علاج

آنت کے کینسر کے علاج میں شامل ہے:

- ایک آپریشن (سرجری)
- ادویات (کیمو تھراپی، ہدفی علاج یا امیونوتھراپی)
- ریڈیو تھراپی

کئی افراد کا ایک سے زیادہ قسم کا علاج کیا جاتا ہے، جیسا کہ آپریشن اور اس کے بعد کیمو تھراپی یا ریڈیو تھراپی۔

**سرجری**
کینسر نکالنے کے لیے ایک آپریشن آنت کے کینسر کا عام ترین علاج ہے۔

بعض اوقات، آنت کے ابتدائی مرحلے کے بہت چھوٹے کینسر کو ایک آپریشن کے ذریعے نکالا جا سکتا ہے، جسے لوکل ریسیکشن کہا جاتا ہے۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں سے وہ مقعد کے ذریعے آلات جراحی گزار کر کینسر کو نکالتے ہیں۔ سرجن کو پیٹ (شکم) میں کٹ لگانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

زیادہ تر لوگوں کا آنت کا کچھ حصہ نکالنے کے لیے ایک آپریشن ہو گا۔ سرجن عام طور پر کینسر کے قریب ہونے والے لمفی نوڈز کو ہٹا دے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کینسر کے خلیات کینسر کے قریب لمفی نوڈز میں پھیل سکتے ہیں۔


آپ کا آپریشن درج ذیل طریقوں سے ہو سکتا ہے:

- **اوپن سرجری** – ایسا اس وقت ہوتا ہے جب سرجن کینسر کو نکالنے کے لیے 1 بڑا کٹ لگاتا ہے۔
- **کی ہول (لیپروسکوپک) سرجری** – کا مطلب ہے کہ سرجن 4 یا 5 چھوٹے کٹ لگاتا ہے۔ وہ کینسر کو نکالنے کے لیے کٹ والی جگہ سے آلات جراحی ڈالتے ہیں۔ آپ اکثر اوپن سرجری کی نسبت کی ہول سرجری سے جلد صحت یاب ہو جاتے ہیں۔


**کولون کینسر کے لیے آپریشن کی اقسام**

- **ہیمی-کولیکٹومی** – آدھے کولون کو نکال دیا جاتا ہے۔ یہ کینسر کے مقام کے مطابق، دائیں یا بائیں جانب ہو سکتی ہے۔
- **سگمائیڈ کولیکٹومی** – سگمائیڈ کولون کو نکال دیا جاتا ہے۔


کینسر کا حامل آنت کا حصہ نکالنے کے بعد، سرجن آنت کے دونوں حصوں کو دوبارہ جوڑ دیتا ہے۔ کچھ لوگوں کو پوری کولون نکلوانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اسے مکمل قولیکٹومی کہا جاتا ہے۔ اگر آپ کو اس قسم کا آپریشن درکار ہو، تو آپ کا ڈاکٹر آپ کو اس کے متعلق مزید بتائے گا۔




**بائیں جانب کی ہیمی-کولیکٹومی**





**دائیں جانب کی ہیمی-کولیکٹومی**





**سگمائیڈ کولیکٹومی**

**اسٹوماس**
کچھ لوگوں کو ایک اسٹوما کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس میں سرجن آنت کے سرے کو پیٹ (شکم) کی سطح سے جوڑ دیتا ہے۔ آپ اسٹوما کے ذریعے ایک خصوصی بیگ، جو آپ پہنیں گے، میں بڑا پیشاب (پاخانہ) کریں گے۔ مختلف اقسام ہوتی ہیں:




**اسٹوما اور اسٹوما بیگ (کولسٹومی)**




**اسٹوما اور اسٹوما بیگ (ایلیوسٹومی)**


ایک اسٹوما نرس آپ کو بتائے گی کہ اپنے اسٹوما کا خیال کیسے رکھنا ہے اور آپ کو مزید مشورہ اور معلومات دے گی۔ اسٹوما نرس ایک نرس ہے جو اسٹوما کی دیکھ بھال میں مہارت رکھتی ہے۔ آپ اسٹوما کے حامل کسی دوسرے شخص سے بات کرنا مددگار محسوس کر سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کی نرس آپ کے لیے اس کا انتظام کرنے کے قابل ہو۔ آپ کی نرس آپ کو سکھائے گی کہ اسٹوما کی گھر پر دیکھ بھال کیسے کرنی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو اس اسٹوما کی ضرورت صرف کچھ عرصے تک ہی پڑے، تاکہ آنت کو ٹھیک ہونے کا موقع مل سکے۔ لیکن بعض اوقات یہ مستقل ہو گا۔ آپ کا ڈاکٹر آپ کو بتا سکتا ہے کہ آیا آپ کو اسٹوما کی ضرورت ہے اور یہ کہ آپ کو کتنے عرصے تک اس کی ضرورت پڑے گی۔

**ریکٹل کینسر کے لیے آپریشن کی اقسام**


اگر آپ کے ریکٹم میں بہت چھوٹا کینسر ہے، تو آپ کا آپریشن ہو سکتا ہے جسے لوکل ایکسیژن کہتے ہیں۔ کینسر کی جگہ والے حصے کو عام طور پر مقعد کے ذریعے نکالا جا سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ سرجن کو آپ کے پیٹ میں کٹ لگانے کی ضرورت نہیں ہے۔

آپ کو کینسر اور کچھ فیٹی ٹشوز اور ریکٹم کے ارد گرد لمفی نوڈز کو ہٹانے کے لیے بڑے آپریشن کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ آپریشن کی 2 اقسام ہیں:

- **اینٹیریئر ریسیکشن** – سرجن ریکٹم کے اس حصے کو نکال دیتا ہے، جو کینسر سے متاثرہ ہوتا ہے۔ وہ آنت کے 2 حصوں/سروں کو آپس میں جوڑتے ہیں۔
- **ایبڈومینل پیرینیئل ریسیکشن** – اسے عام طور پر مقعد کے قریب کینسر میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر ریکٹم اور مقعد کو نکال دیتا ہے۔ اس آپریشن کے بعد آپ کو ایک مستقل اسٹوما کی ضرورت پڑے گی۔




**اینٹیریئر ریسیکشن**




**ایبڈومینل پیرینیئل ریسیکشن**

**سرجری کی دیگر اقسام**
بعض اوقات، کینسر آنت کا راستہ بند کر دیتا ہے اور پاخانے کو گزرنے سے روک دیتا ہے۔ یہ پیٹ میں درد اور قے کا سبب بن سکتا ہے۔ آنت کو کھلا رکھنے کے لیے ڈاکٹر ایک پتلی سی ٹیوب جسے اسٹینٹ کہا جاتا ہے، ڈال سکتا ہے۔ کچھ لوگوں کو آپریشن کے دوران آنت کا بند حصہ نکلوانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اگر کینسر جسم کے دوسرے حصوں، مثلًا جگر یا پھیپھڑوں، میں پھیل چکا ہے، تو بعض اوقات اسے نکالنے کے لیے آپ کا آپریشن کیا جا سکتا ہے۔

ہمارے پاس آپ کی زبان میں سرجری اور آپ پر اس کے کچھ ضمنی اثرات کے بارے میں مزید معلومات ہماری ویب سائٹ پر موجود ہیں، macmillan.org.uk/translations ملاحظہ کریں

**کیمو تھراپی**
کیمو تھراپی انسداد کینسر ادویات کا استعمال کر کے کینسر کے خلیات کو تباہ کرتی ہے۔ آپ کو عموماً آنت کے کینسر کے ابتدائی مرحلے پر کیمو تھراپی کی ضرورت نہیں پڑتی۔ کیمو تھراپی دی جا سکتی ہے:

- کینسر کے دوبارہ آنے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے سرجری کے بعد
- سرجری سے پہلے کینسر کو چھوٹا کرنے اور اس کے دوبارہ آنے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے
- پھیلے ہوئے کینسر کے لیے مرکزی علاج کے طور پر۔

کیمو تھراپی کی ادویات کی وجہ سے ضمنی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں جس سے آپ بیمار محسوس کر سکتے ہیں۔ مختلف ادویات کی وجہ سے مختلف ضمنی اثرات ہو سکتے ہیں۔ ان میں شامل ہیں:

- انفیکشن لاحق ہونے کے امکانات زیادہ ہونا
- تھکن محسوس کرنا
- متلی محسوس کرنا یا قے ہونا
- اسہال – معمول سے زیادہ پاخانہ آنا یا پتلا یا پانی جیسا پاخانہ
- منہ کا دکھنا
- بال گرنا۔

ڈاکٹر آپ کو ممکنہ طور پر ہونے والے ضمنی اثرات اور یہ کہ ان سے کیسے نمٹنا ہے، کے بارے میں آپ سے بات کر سکتا ہے۔ زیادہ تر ضمنی اثرات ادویات کے ساتھ قابو کیے جا سکتے ہیں۔ زیادہ تر ضمنی اثرات کیمو تھراپی کے ختم ہونے کے بعد چلے جاتے ہیں۔

ہمارے پاس آپ کی زبان میں کیموتھراپی کے بارے میں مزید معلومات ہماری ویب سائٹ پر موجود ہیں، macmillan.org.uk/translations ملاحظہ کریں

**ریڈیو تھراپی**

ریڈیو تھراپی کینسر کے علاج کے لیے زیادہ توانائی والی ایکس ریز کا استعمال کرتی ہے۔ کولون کینسر کے لیے عموماً ریڈیو تھراپی نہیں کی جاتی۔ یہ ریکٹل کینسر کا ایک عام علاج ہے۔

ریکٹل کینسر کو نکالنے کے لیے آپریشن سے قبل آپ کی ریڈیو تھراپی کی جا سکتی ہے۔ یہ کینسر کو چھوٹا اور اسے ہٹانا آسان بنا سکتی ہے اور ریکٹل کینسر کے واپس آنے کے خطرے میں کمی لا سکتی ہے۔

ریڈیو تھراپی کے بعد، آپ سرجری سے پہلے عام طور پر کم از کم 6 ہفتے انتظار کرتے ہیں۔ اگر کینسر کے کچھ حصے کے باقی رہ جانے کا امکان موجود ہو، تو آپریشن کے بعد بھی ریڈیو تھراپی کی جا سکتی ہے۔

اگر ریکٹل کینسر پھیل گیا ہو یا واپس آ جائے، تو ہو سکتا ہے کہ اسے چھوٹا کرنے کے لیے آپ کی ریڈیو تھراپی کی جائے۔ یہ درد جیسی علامات کے حوالے سے بھی مدد کر سکتی ہے۔

ریکٹل کینسر کے لیے ریڈیو تھراپی کے ضمنی اثرات میں درج ذیل شامل ہیں:

- تھکن
- آپ کی جلد میں تبدیلیاں
- پیٹ میں تبدیلیاں
- مثانے میں تبدیلیاں۔

ہمارے پاس آپ کی زبان میں ریڈیو تھراپی اور آپ پر اس کے کچھ ضمنی اثرات کے بارے میں مزید معلومات ہماری ویب سائٹ پر موجود ہیں، macmillan.org.uk/translations ملاحظہ کریں

**کیموریڈی ایشن**

اگر آپ کو ریکٹل کینسر ہے، تو آپ کی کیموریڈی ایشن ہو سکتی ہے۔ ایسا اس وقت ہوتا ہے جب آپ ایک ہی وقت میں کیموتھراپی اور ریڈیو تھراپی کرواتے ہیں۔ یہ صرف کیموتھراپی یا ریڈیو تھراپی اکیلے کروانے سے بہتر کام کر سکتی ہے۔ ایک سے زیادہ علاج ایک ساتھ کروانا ضمنی اثرات کو بدتر بنا سکتا ہے۔

**ہدف شدہ تھراپی**

ہدف شدہ تھراپی کی ادویات کینسر کے خلیے کے اندر یا اردگرد کسی ایسی چیز کو ہدف بناتی ہیں، جو اسے بڑھنے اور زندہ رہنے میں مدد کر رہی ہو۔ ہدف شدہ تھراپیاں بعض اوقات بڑی آنت کے ایسے کینسر کے علاج کے لیے استعمال کی جاتی ہیں، جو جسم کے دوسرے حصوں میں پھیل چکا ہو۔

آپ کے پاس کیموتھراپی کے ساتھ ہدف شدہ تھراپی کی دوائی ہو سکتی ہے۔ ضمنی اثرات مختلف ہو سکتے ہیں۔ ان میں مندرجہ ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- جلد کی خشکی یا دانے
- اسہال
- بیمار محسوس کرنا
- زکام کی علامات۔

زیادہ تر ضمنی اثرات کو ادویات کے ذریعے کنٹرول کیا جا سکتا ہے اور علاج کے ختم ہونے کے بعد چلے جاتے ہیں۔

### امیونو تھراپی
امیونو تھراپی کی ادویات کینسر کے خلیوں کو تلاش اور ان پر حملہ کرنے کے لیے مدافعتی نظام استعمال کرتی ہیں۔ انہیں آنتوں کے ایسے کینسر کا علاج کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، جو جسم کے دیگر حصوں میں پھیل چکا ہو۔

امیونوتھراپی کے ضمنی اثرات میں درج ذیل شامل ہیں:
- اسہال
- جلد میں تبدیلیاں
- جوڑوں کے درد
- تھکن محسوس کرنا۔

## آپ کے علاج کے ممکنہ ضمنی اثرات

### آنتوں میں تبدیلی
علاج کے بعد، ہو سکتا ہے کہ آپ کی آنت کچھ عرصے کے لیے مختلف طرح سے کام کرے۔ ممکن ہے کہ آپ کو:
- پیچش ہو جائے
- پاخانے کی زیادہ ضرورت پڑے
- پاخانے کی ضرورت پڑنے سے پہلے زیادہ آثار نہ ملنا
- کولہوں میں درد ہونا۔

یہ عموماً وقت کے ساتھ بہتر ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو ان میں سے کوئی ضمنی اثرات ہیں یا ان کی حالت میں بہتری نہیں آ رہی، تو اپنے ڈاکٹر یا نرس کو بتائیں۔ وہ آپ کو مدد کے لیے کچھ مشورہ اور ادویات دے سکتے ہیں۔

### اپنی جلد کی حفاظت کریں
پتلا یا پانی والا پاخانہ آپ کے کولہوں کے اردگرد کی جلد کو خراب کر سکتا ہے۔ یہ مشورے کام کر سکتے ہیں:
- اپنے نچلے حصے کے ارد گرد کی جلد کو صاف اور خشک رکھیں۔
- خوشبو کے بغیر والے ویٹ (گیلے) وائپس استعمال کریں کیونکہ وہ آپ کی جلد کے لیے ٹائیلٹ پیپر کی نسبت نرم ہوتے ہیں۔
- اپنی جلد کی حفاظت میں مدد کے لیے پیڈ اور بیریئر وائپس یا سپرے استعمال کریں۔ ایک ماہر نرس آپ کو پیڈ اور کریم استعمال کرنے کے بارے میں مشورہ دے سکتی ہے۔
- اپنی جلد کو خشک اور ٹھنڈا رکھنے کے لیے کاٹن سے بنا زیر جامہ پہنیں۔

### غذا میں تبدیلیاں
آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم آپ کو مشورہ دے سکتی ہے کہ جب آپ کی آنت کی سرجری ٹھیک ہو جائے تو آپ کو ایک مخصوص غذا پر عمل کرنا ہو گا۔

سرجری کے بعد پہلے چند دنوں کے لیے، آپ کو کم فائبر والی خوراک کھانے کا مشورہ دیا جا سکتا ہے۔ کم فائبر والی غذاؤں میں سفید روٹی، سفید پاستا یا سادہ کریکر، چھلے ہوئے پھل اور سبزیاں شامل ہیں۔

باقاعدہ اوقات پر کھانے سے آپ کی آنتوں کو زیادہ باقاعدگی سے کام کرنے میں مدد ملے گی۔ ہو سکتا ہے آپ کے لیے 1 یا 2 بڑے کھانوں کی بجائے ایک دن میں کئی چھوٹے کھانے کھانا آسان محسوس ہو۔

اگر آپ کو اس بارے میں مسائل جاری رہیں کہ آپ کیا کھا سکتے ہیں، تو اپنے ڈاکٹر یا نرس سے بات کریں۔

### پریشان یا فکر مند ہونا
پریشان یا فکر مند ہونا آپ کے پاخانے کو پتلا کر سکتا ہے۔ سیکھنا کہ آرام دہ اور پرسکون کیسے رہا جائے، آپ کی آنتوں کو ٹھیک ہونے میں مدد دے سکتا ہے۔ یہ آپ کی عمومی صحت کے لیے بھی اچھا ہے۔

**Macmillan ٹوائلٹ کارڈ**
اگر آپ کو فوراً ٹوائلٹ استعمال کرنا پڑ جائے، تو آپ باہر جانے کے متعلق پریشان ہو سکتے ہیں۔ ایک مفت میک ملن (Macmillan) ٹائیلٹ کارڈ پاس رکھنا مددگار ہو سکتا ہے۔ آپ یہ دکانوں، دفاتر اور کیفے جیسی جگہوں پر دکھا سکتے ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ یہ آپ کو ٹائیلٹ تک رسائی حاصل کرنے میں مدد فراہم کرے گا لیکن ہو سکتا ہے کہ یہ ہر جگہ کام نہ کرے۔

کارڈ صرف انگریزی زبان میں دستیاب ہے اور اس پر لکھا ہوا ہے 'میرے کینسر کے علاج کی وجہ سے مجھے ٹوائلٹ تک فوری رسائی کی ضرورت ہے۔ براہ کرم کیا آپ مدد کر سکتے ہیں؟'

آپ میک ملن (Macmillan) سپورٹ لائن کو **0808 808 00 00** پر کال کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔
یا آپ orders.macmillan.org.uk پر اس کا آرڈر کر سکتے ہیں

آپ معذور افراد والے ٹائیلٹس بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ ان کے پاس واش بیسن اور کپڑے تبدیل کرنے کے لیے جگہ موجود ہوتی ہے۔ معذور افراد کے ٹائیلٹ بعض اوقات بند ہوتے ہیں۔ آپ ڈس ایبلٹی رائیٹس یوکے سے ایک چابی خرید سکتے ہیں۔

**ضمنی اثرات کے بارے میں مزید معلومات**
ہمارے پاس تھکاوٹ اور کھانے کے مسائل کے بارے میں مزید معلومات ہیں جو آپ کے لیے مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔ آپ یہ معلومات macmillan.org.uk/translations پر آن لائن حاصل کر سکتے ہیں۔

## فالو اپ

آپ کا علاج ختم ہونے کے بعد، آپ کے باقاعدہ معائنے اور خون کے ٹیسٹ بھی ہوں گے۔ یہ عمومًا 5 سالوں تک جاری رہتے ہیں۔

اگر آپ کو چیک اپس کے درمیانی عرصے میں کوئی نئی علامات نظر آئیں، تو جتنا جلد ممکن ہو سکے اپنے GP، کینسر ڈاکٹر یا نرس کو بتائیں۔

## آپ کے جذبات

جب آپ کو پتہ چلے کہ آپ کو کینسر ہے تو آپ کو بہت صدمہ پہنچ سکتا ہے۔ آپ کے کئی مختلف جذبات ہو سکتے ہیں۔ محسوس کرنے کا کوئی اچھا یا برا طریقہ نہیں ہوتا۔ اس سے نمٹنے کے کئی طریقے ہیں۔ کسی قریبی دوست یا رشتہ دار سے بات کرنا مدد کر سکتا ہے۔ آپ کی ڈاکٹر یا نرس بھی مدد کر سکتی ہے۔

## اپنے لیے درست دیکھ بھال اور مدد حاصل کرنا

اگر آپ کو کینسر ہے اور آپ انگریزی نہیں بول سکتے، تو آپ فکرمند ہو سکتے ہیں کہ اس سے آپ کے کینسر کے علاج اور نگہداشت پر اثر پڑے گا۔ مگر آپ کی نگہداشت صحت کی ٹیم آپ کو ایسی نگہداشت، معاونت اور معلومات فراہم کرے گی جن سے آپ کی ضروریات پوری ہوتی ہوں۔

ہم جانتے ہیں کہ بعض اوقات لوگوں کو درست معاونت حاصل کرنے میں زیادہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ مثلاً، اگر آپ کام کرتے ہیں یا آپ کی فیملی ہے تو ہسپتال کی اپائنٹمنٹس پر جانے کے لیے وقت نکالنا مشکل ہو سکتا ہے۔ آپ کو مالی اخراجات اور نقل و حمل کے خرچے سے متعلق بھی تشویش ہو سکتی ہے۔ یہ تمام چیزیں تناؤ پیدا کر سکتی ہیں اور ان سے نمٹنا مشکل ہو سکتا ہے۔

ہم کینسر میں مبتلا افراد کو میکملن گرانٹس (Macmillan Grants) بھی فراہم کرتے ہیں۔ یہ یک وقتی ادائیگیاں ہوتی ہیں جنہیں ہسپتال میں پارکنگ، سفر کی لاگت، بچوں کی نگہداشت یا حرارت کے بلوں کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## Macmillan آپ کی کیسے مدد کر سکتی ہے

Macmillan میں، ہم جانتے ہیں کہ کینسر کی تشخیص کیسے ہر چیز کو متاثر کر سکتی ہے، اور ہم آپ کی معاونت کے لیے یہاں موجود ہیں۔

**Macmillan سپورٹ لائن**
ہمارے پاس مترجم موجود ہیں، اس لیے آپ ہم سے اپنی زبان میں بات کر سکتے ہیں۔ آپ جو زبان استعمال کرنا چاہتے ہیں، ہمیں بس اس کا نام انگریزی میں بتائیں۔

ہم طبی سوالات میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں، مالیاتی معاونت کے متعلق معلومات دے سکتے ہیں یا اگر آپ کو بات کرنے کے لیے کسی کی ضرورت ہے تو ہم سننے کے لیے موجود ہیں۔ مفت، رازدارانہ فون لائن ہفتہ کے 7 دن، صبح 8 بجے سے شام 8 بجے تک کھلی ہوتی ہے۔
ہمیں 0808 808 00 00 پر کال کریں۔

**Macmillan ویب سائٹ**
ہماری ویب سائٹ پر کینسر کے بارے میں انگریزی میں بہت سی معلومات موجود ہیں۔ دیگر زبانوں میں بھی مزید معلومات macmillan.org.uk/translations پر موجود ہیں

ہم آپ کے لیے ترجمے کا انتظام بھی کر سکتے ہیں۔ ہمیں informationproductionteam@macmillan.org.uk پر ای میل کر کے اپنی ضرورت بتائیں۔

**معلوماتی مراکز**
ہمارے انفارمیشن اور سپورٹ سینٹرز ہسپتالوں، لائبریریوں اور موبائل سنٹرز میں قائم ہیں۔ آپ کو درکار معلومات حاصل کرنے اور کسی سے رو بہ رو بات کرنے کے لیے ان میں سے کہیں بھی تشریف لے آئیں۔
macmillan.org.uk/informationcentres پر اپنا قریب ترین مرکز تلاش کریں یا ہمیں 0808 808 00 00 پر کال کریں۔

**مقامی معاونتی گروپس**
معاونتی گروپ میں، آپ کینسر سے متاثر دیگر افراد سے بات چیت کر سکتے ہیں۔ اپنے علاقے میں معاونتی گروپس کے متعلق مزید جاننے کے لیے macmillan.org.uk/supportgroups ملاحظہ کریں یا ہمیں 0808 808 00 00 پر کال کریں۔

**میک ملن (Macmillan) آن لائن کمیونٹی**
آپ کینسر سے متاثرہ دیگر لوگوں سے macmillan.org.uk/community پر آن لائن بھی بات کر سکتے ہیں

آپ دن یا رات میں کسی بھی وقت رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے تجربات شیئر کر سکتے، سوالات پوچھ سکتے، یا صرف لوگوں کی پوسٹس بھی پڑھ سکتے ہیں۔

## آپ کی زبان میں مزید معلومات

ہمارے پاس ان موضوعات کے متعلق آپ کی زبان میں معلومات موجود ہیں:

**کینسر کا مقابلہ کرنا**

- کینسر اور کورونا وائرس
- یوکے میں کینسر کیئر
- آپ کو کینسر ہونے کی صورت میں بینیفٹس کے لیے دعویٰ کرنا
- کھانے پینے کے مسائل اور کینسر
- زندگی کا اختتام
- پناہ گزینوں اور پناہ کے متلاشی افراد کے لیے نگہداشت صحت
- صحت بخش غذا
- کینسر ہونے کی صورت میں اخراجات میں مدد
- اگر آپ کو کینسر کی تشخیص ہوئی ہے
- LGBTQ+ لوگ اور کینسر
- عفونت اور کینسر
- کینسر کے علاج کے ضمنی اثرات
- تھکاوٹ (تھکن) اور کینسر

**کینسر کی اقسام**

- چھاتی کا کینسر
- رحم کے منہ کا کینسر
- بڑی آنت کا کینسر
- پھیپھڑے کا کینسر
- غدہ قدامیہ کا کینسر

**علاج**

- کیموتھراپی
- ریڈیو تھراپی
- سرجری

ان معلومات کو دیکھنے کے لیے macmillan.org.uk/translations پر جائیں

## حوالہ جات اور تشکرات

یہ معلومات Macmillan کینسر سپورٹ کی کینسر انفارمیشن ڈویلپمنٹ ٹیم کی جانب سے تحریر اور مرتب کی گئی ہیں۔ اس زبان میں اس کا ترجمہ، ایک ترجمہ کرنے والی کمپنی نے کیا ہے۔

شامل کردہ معلومات ہماری ویب سائٹ پر انگریزی زبان میں دستیاب ہمارے بڑی آنت اور ریکٹل کینسر سے متعلق مواد پر مبنی ہیں۔

متعلقہ ماہرین نے اس معلومات کا جائزہ لیا ہے اور ان کی منظوری سینئر میڈیکل ایڈیٹر ڈاکٹر پال راس، کنسلٹنٹ میڈیکل آنکولوجسٹ نے دی ہے۔

کینسر سے متاثرہ ان لوگوں کا بھی شکریہ جنہوں نے ان معلومات کا جائزہ لیا۔

ہماری تمام معلومات دستیاب شدہ بہترین شواہد کی بنیاد پر ہیں۔ ہمارے استعمال کردہ ذرائع کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہم سے informationproductionteam@macmillan.org.uk پر رابطہ کریں

**مواد پر نظرثانی: 2024**

**اگلی منصوبہ بند نظر ثانی: 2027**

MAC15136_Urdu_E04

ہم یہ یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ ہم جو معلومات فراہم کریں وہ درست اور تازہ ترین ہوں، لیکن اس پر ماہرانہ پیشہ ورانہ مشورے، جو آپ کی صورتحال کے مطابق دیے جاتے ہیں، کے متبادل کے طور پر انحصار نہیں کرنا چاہیے۔ قانون سے اجازت یافتہ حد تک، Macmillan اس اشاعت یا اس میں شامل یا محولہ تیسرے فریق کی ویب سائٹس پر موجود کسی بھی معلومات کے استعمال کے حوالے سے کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتی۔

© Macmillan Cancer Support 2024، انگلینڈ اور ویلز (261017)، اسکاٹ لینڈ (SC039907) اور دی آئل آف مین (604) میں رجسٹر شدہ خیراتی ادارہ ہے۔ شمالی آئرلینڈ میں بھی کام کر رہی ہے۔ ضمانت کے تحت ایک لمیٹڈ کمپنی، برطانیہ اور ویلز میں رجسٹر شدہ کمپنی نمبر 2400969۔ آئل آف مین کمپنی نمبر 4694F۔ رجسٹرڈ آفس: 3rd Floor, Bronze Building, The Forge, 105 Sumner Street, London, SE1 9HZ. VAT نمبر: 668265007

# Bowel cancer: English

This information is about bowel cancer and treatments for bowel cancer.

If you have any questions about this information, ask your doctor or nurse at the hospital where you are having treatment.

You can also call Macmillan Cancer Support on freephone **0808 808 00 00**, 7 days a week, 8am to 8pm. We have interpreters, so you can speak to us in your own language. When you call us, please tell us in English which language you need.

There is more cancer information in your language and other languages at macmillan.org.uk/translations

This information is about:

- The bowel
- Bowel cancer
- How treatment is planned
- Talking to your healthcare team
- Treatments for bowel cancer
- Possible side effects of your treatment
- Follow up
- Your feelings
- Getting the right care and support for you
- How Macmillan can help you
- More information in your language
- References and thanks

## The bowel


The bowel is part of the digestive system. The digestive system breaks down and absorbs food so that the body can use it.

The bowel has 2 parts:

- the small bowel
- the large bowel.

The large bowel has three parts. These are:

- the colon
- the rectum
- the anus.




## Bowel cancer

All parts of the body are made up of tiny cells. Bowel cancer happens when the cells in the bowel grow in an uncontrolled way and form a lump called a tumour.

The place where the cancer first begins to grow is the primary cancer. The primary cancer is named after the place in the body where it started, for example bowel cancer.

Bowel cancer is cancer that affects the colon or the rectum. Bowel cancer is also called colorectal cancer.

Sometimes, bowel cancer cells spread to other parts of the body through the blood and the lymphatic system. This is called secondary cancer.

Bowel cancer is not infectious and cannot be passed on to other people.

Cancer can also affect the small bowel or the anus. These cancers are treated differently to bowel cancer. We have information in English about these types of cancer.

### The lymphatic system

The lymphatic system helps protect us from infection and disease. It is made up of fine tubes called lymphatic vessels. These vessels connect to groups of small lymph nodes throughout the body.

There are lymph nodes close to the colon and rectum. Bowel cancer can spread to the lymph nodes close to the bowel.

### Stages and grades of bowel cancer

The stage of a cancer means how big it is and if it has spread.

The grade of a cancer is how quickly the cancer may grow.

## How treatment is planned

Your healthcare team will meet to plan the best treatment for you. Your doctor or nurse will then talk to you about:

- the stage and grade of the cancer
- your general health
- the treatments and possible side effects
- what you think about the available treatments.

## Talking to your healthcare team

It is important to talk about any treatment with your doctor.

Your hospital can arrange an interpreter for you. Let your nurse know if you need one. You may also want to take someone with you who can speak your language and English.

After talking with you, your doctor will usually ask you to sign a form to show that you understand what the treatment means and that you agree to having it. This is called giving your consent. You will not be given treatment unless you have agreed to it.

**Questions to ask about your treatment**

Here are some questions you might want to ask your cancer team about your treatment:

- What does my diagnosis mean?
- What is the stage and grade of the cancer?
- What will my treatment be?
- What are the benefits, risks and side effects of each treatment?
- How will the treatment affect my daily life?
- Who can I talk to about how I am feeling?

## Treatments for bowel cancer

Treatments for bowel cancer include:

- an operation (surgery)
- drugs (chemotherapy, targeted therapy or immunotherapy)
- radiotherapy

Many people have more than one type of treatment, such as an operation and then chemotherapy or radiotherapy.

**Surgery**

An operation to remove the cancer is the most common treatment for bowel cancer.

Sometimes, very small early-stage bowel cancers can be removed with an operation called a local resection. This is where they remove the cancer using surgical tools passed through the anus. The surgeon does not need to make a cut in the tummy (abdomen).

Most people will have an operation to remove part of the bowel. The surgeon will usually remove the lymph nodes that are near the cancer. This is because cancer cells can spread to lymph nodes near the cancer.


You may have your operation as:

- **open surgery** – this is when the surgeon makes 1 large cut before removing the cancer.
- **keyhole (laparoscopic) surgery** – this means the surgeon makes 4 or 5 small cuts. They put surgical tools through the cuts to remove the cancer. You usually recover more quickly from keyhole surgery than from open surgery.


Types of operation for colon cancer

- **Hemi-colectomy** – half of the colon is removed. This may be the right or left side, depending on where the cancer is.
- **Sigmoid colectomy** – the sigmoid colon is removed.


After removing the part of the bowel where the cancer is, the surgeon joins the two ends of the bowel together. Some people may need to have all the colon removed. This is called a total colectomy. Your doctor will tell you more about this if you need this type of operation.




**Left hemi-colectomy**





**Right hemi-colectomy**





**Sigmoid colectomy**

**Stomas**
Some people need to have a stoma. This is when the surgeon connects the end of the bowel to the surface of the tummy (abdomen). You will pass poo (stools) out through the stoma into a special bag you wear. There are different types:




**Stoma and stoma bag (colostomy)**




**Stoma and stoma bag (ileostomy)**


A stoma nurse will show you how to look after the stoma and give you more advice and information. A stoma nurse is a nurse who specialises in stoma care. You may find it helps to talk to someone who has a stoma. Your nurse may be able to arrange this for you. Your nurse will teach you how to manage your stoma at home. You may only need a stoma for a short time after an operation, to allow the bowel to heal. But sometimes it will be permanent. Your doctor can tell you if you may need a stoma and how long you may have it for.

### Types of operation for rectal cancer


If you have a very small rectal cancer, you may have an operation called a local excision. The cancer can usually be removed through the anus. This means the surgeon does not have to make a cut in your tummy.

You may need a larger operation to remove the cancer and some of the fatty tissue and the lymph nodes around the rectum. There are 2 types of operation:

- **Anterior resection** – the surgeon removes the part of the rectum that is affected by the cancer. They join the two 2 ends of the bowel together.
- **Abdominal perineal resection** – this is usually used for cancers near the anus. The doctor removes the rectum and anus. After this operation, you will have a permanent stoma.




Anterior resection




Abdominal perineal resection

### Other types of surgery

Sometimes, the cancer blocks the bowel and stops poo from passing through. This can cause tummy pain and vomiting. The doctor may put a small tube called a stent into the bowel to keep it open. Some people may need to have the blocked part of the bowel removed during an operation.

If the cancer has spread to another part of the body, such as the liver or lungs, you can sometimes have an operation to remove it.

We have more information in your language about surgery and some of the side effects you may have on our website, visit macmillan.org.uk/translations

### Chemotherapy

Chemotherapy uses anti-cancer drugs to destroy cancer cells. You do not usually need chemotherapy for early-stage bowel cancer. Chemotherapy may be given:

- after surgery to reduce the risk of cancer coming back
- before surgery, to shrink the cancer and reduce the risk of it coming back
- as the main treatment for cancer that has spread.

Chemotherapy drugs can cause side effects that make you feel unwell. Different drugs can cause different side effects. These include:

- being more likely to get an infection
- feeling tired
- feeling sick or being sick
- diarrhoea – passing more poo than usual, or loose or watery poo
- a sore mouth
- hair loss.

Your doctor can talk to you about the side effects you may have and how to manage them. Most side effects can be controlled with drugs. Most side effects go away when chemotherapy is over.

We have more information about chemotherapy in your language on our website, visit macmillan.org.uk/translations

### Radiotherapy

Radiotherapy uses high-energy x-rays to destroy the cancer cells. You do not usually have radiotherapy for colon cancer. It is a common treatment for rectal cancer.

You may have radiotherapy before an operation to remove rectal cancer. It can make the cancer smaller and easier to remove and reduce the risk of the rectal cancer coming back.

After the radiotherapy, you usually wait at least 6 weeks before having surgery. Radiotherapy may be used after an operation if there is a chance that some cancer remains.

If rectal cancer has spread or comes back, you may have radiotherapy to make it smaller. It can also help with symptoms, such as pain.

Side effects of radiotherapy for rectal cancer include:

- tiredness
- changes to your skin
- bowel changes
- bladder changes.

We have more information in your language about radiotherapy and some of the side effects you may have on our website, visit macmillan.org.uk/translations

### Chemoradiation

If you have a rectal cancer, you may have chemoradiation. This is when you have chemotherapy and radiotherapy at the same time. It can work better than having either chemotherapy or radiotherapy on their own. Having the treatments together can make the side effects worse.

### Targeted therapy

Targeted therapy drugs target something in or around a cancer cell that is helping it grow and survive. Targeted therapies are sometimes used to treat bowel cancers that have spread to other parts of the body.

You may have a targeted therapy drug with chemotherapy. Side effects can vary. They may include:

- dry skin or a rash
- diarrhoea
- feeling sick
- flu symptoms.

Most side effects can be controlled with drugs and go away when treatment is over.

### Immunotherapy

Immunotherapy drugs use the immune system to find and attack cancer cells. They may be used to treat bowel cancer that has spread to other parts of the body.

Side effects of immunotherapy include:

- diarrhoea
- skin changes
- joint pains
- feeling tired.

## Possible side effects of your treatment

### Bowel changes

After treatment, your bowel may work differently for a while. You may:

- have diarrhoea
- need to poo more often
- not get much warning when you need to poo
- have a sore bottom.

These usually improve over time. Tell your doctor or nurse if you have these side effects or if they do not improve. They can give you advice and medicines to help.

### Protect your skin

Having loose or watery poo can make the skin around your bottom sore. These tips may help:

- Keep the skin around your bottom clean and dry.
- Use unperfumed wet wipes as they are softer on your skin than toilet paper.
- Use pads and barrier wipes or sprays to help protect your skin. A specialist nurse can advise you about pads and creams to use.
- Wear cotton underwear to keep your skin dry and cool.

### Diet changes

Your healthcare team may advise you to follow a specific diet while your bowel recovers from surgery.

For the first few days after surgery, you may be advised to eat a low-fibre diet. Low fibre foods include white bread, white pasta or plain crackers, peeled fruit and vegetables.

Eating at regular times will help your bowel to work more regularly. You may find it easier to eat several small meals a day instead of 1 or 2 large meals.

If you continue to have problems with what you can eat, speak to your nurse or doctor.

### Anxiety

Feeling anxious or worried can make your poo looser. Learning how to relax may help your bowel to settle. It is also good for your general health.

### Macmillan toilet card

You may worry about going out if you need to use a toilet urgently. It may help to carry a free Macmillan toilet card. You can show this in places such as shops, offices and cafes. We hope it will help you get access to a toilet but it may not work everywhere.

The card is only available in English and reads 'due to my cancer treatment I need urgent access to a toilet. Please can you help?'

You can get one by calling our Macmillan Support Line on 0808 808 00 00. Or you can order one at orders.macmillan.org.uk

You can also use disabled toilets. They have a wash basin and space to change your clothes. Disabled toilets are sometimes locked. You can buy a key from Disability Rights UK.

**More information on side effects**
We have more information about tiredness and eating problems which you may find helpful. You can find this information online at macmillan.org.uk/translations.

## Follow up

After your treatment has finished, you will have regular check-ups and may also have tests. These usually continue for up to 5 years.

If you notice any new symptoms between check-ups, tell your GP, cancer doctor or nurse as soon as possible.

## Your feelings

You may feel overwhelmed when you are told you have cancer. You may have many different emotions. There is no right or wrong way to feel. There are many ways to cope with this. Talking to a close friend or relative may help. Your doctor or nurse can help too.

## Getting the right care and support for you

If you have cancer and do not speak English, you may be worried that this will affect your cancer treatment and care. But your healthcare team should offer you care, support and information that meets your needs.

We know that sometimes people may face extra challenges in getting the right support. For example, if you work or have a family it can be hard to find time to go to hospital appointments. You might also have worries about money and transport costs. All of this can be stressful and hard to cope with.

We also offer Macmillan Grants to people with cancer. These are one-off payments that can be used for things like hospital parking, travel costs, childcare or heating bills.

## How Macmillan can help you

At Macmillan, we know how a cancer diagnosis can affect everything, and we are here to support you.

**Macmillan Support Line**
We have interpreters, so you can speak to us in your language. Just tell us, in English, the language you want to use.

We can help with medical questions, give you information about financial support, or be there to listen if you need someone to talk to. The free, confidential phone line is open 7 days a week, 8am to 8pm.
Call us on **0808 808 00 00**.

**Macmillan website**
Our website has lots of information in English about cancer. There is also more information in other languages at macmillan.org.uk/translations

We can also arrange translations just for you. Email us at informationproductionteam@macmillan.org.uk to tell us what you need.

**Information centres**
Our information and support centres are based in hospitals, libraries and mobile centres. Visit one to get the information you need and speak with someone face to face. Find your nearest centre at macmillan.org.uk/informationcentres or call us on **0808 808 00 00**.

**Local support groups**
At a support group, you can talk to other people affected by cancer. Find out about support groups in your area at macmillan.org.uk/supportgroups or call us on **0808 808 00 00**.

**Macmillan Online Community**
You can talk to other people affected by cancer online at macmillan.org.uk/community

You can access it at any time of day or night. You can share your experiences, ask questions, or just read through people's posts.

# More information in your language

We have information in your language about these topics:

**Coping with cancer**

- Cancer and coronavirus
- Cancer care in the UK
- Claiming benefits when you have cancer
- Eating problems and cancer
- End of life
- Healthcare for refugees and people seeking asylum
- Healthy eating
- Help with costs when you have cancer
- If you are diagnosed with cancer
- LGBTQ+ people and cancer
- Sepsis and cancer
- Side effects of cancer treatment
- Tiredness (fatigue) and cancer

**Types of cancer**

- Breast cancer
- Cervical cancer
- Large bowel cancer
- Lung cancer
- Prostate cancer

**Treatments**

- Chemotherapy
- Radiotherapy
- Surgery

To see this information, go to macmillan.org.uk/translations

## References and thanks

This information has been written and edited by Macmillan Cancer Support's Cancer Information Development team. It has been translated into this language by a translation company.

The information included is based on our colon cancer and rectal cancer content available in English on our website.

This information has been reviewed by relevant experts and approved by Senior Medical Editor Dr Paul Ross, Consultant Medical Oncologist.

Thanks also to the people affected by cancer who reviewed this information.

All our information is based on the best evidence available. For more information about the sources we use, please contact us at [informationproductionteam@macmillan.org.uk](mailto:informationproductionteam@macmillan.org.uk)

**Content reviewed: 2024**
**Next planned review: 2027**

MAC15136_English_E04

We make every effort to ensure that the information we provide is accurate and up-to-date but it should not be relied upon as a substitute for specialist professional advice tailored to your situation. As far as is permitted by law, Macmillan does not accept liability in relation to the use of any information contained in this publication or third-party information or websites included or referred to in it.

© Macmillan Cancer Support 2024, registered charity in England and Wales (261017), Scotland (SC039907) and the Isle of Man (604). Also operating in Northern Ireland. A company limited by guarantee, registered in England and Wales company number 2400969. Isle of Man company number 4694F. Registered office: 3rd Floor, Bronze Building, The Forge, 105 Sumner Street, London, SE1 9HZ. VAT no: 668265007

Trusted Information Creator
*Patient Information Forum*